PR NO 62

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

معاشرے کے تمام طبقات بچوں کے روشن مستقبل کے لئے اپنا کردار ادا کریں

عالمی یوم اطفال کے موقع پر وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا پیغام

اسلام آباد (   ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے معاشرے کے تمام طبقات اور متعلقہ اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ پاکستان میں بچوں کے حقوق کے تحفظ کے لئے اپنی تمام تر کاوشیں بروئے کار لاتے ہوئے ایسے اقدامات اٹھائیں جن کے ذریعے بچے بغیر کسی خوف، تشدد اور امتیازی سلوک کے پروان چڑھ سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم سب مل جل کر ایک مثبت لائحہ عمل کے ذریعے پاکستانی بچوں کو ایک ایسا روشن مستقبل فراہم کر سکتے ہیں جہاں ان کے حقوق اور عزت نفس محفوظ ہوں۔ وفاقی محتسب نے عالمی یوم اطفال کے موقع پر جاری کئے گئے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ یہ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے کہ ہم بچوں کو ان کی محرومیوں سے نجات دلاتے ہوئے ہر نوع کے استحصال سے ان کا تحفظ یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کی طرف سے ملک بھر میں بچوں کی فلاح و بہبود کے لئے اب تک کئی اقدامات اٹھائے گئے ہیں جن میں اسٹریٹ چلڈرن کو تعلیم، صحت اور دیگر ضروریات زندگی کی فراہمی کے حوالے سے پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر کرائی جانے والی خصوصی ریسرچ اسٹڈی بھی شامل ہے۔ پاکستان میں اس سلسلے میں اور بھی کافی کام ہوا ہے۔ حکومت کی طرف سے ''قومی کمیشن برائے اطفال'' کا قیام عمل میں لایا گیا نیز بچوں کے حقوق کے لئے قانون سازی کی گئی اور پالیسیاں مرتب کی گئیں۔ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ میں کمشنر برائے اطفال کے نام سے الگ سے ایک دفتر قائم کیا گیا ہے جو بچوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے خلاف سائبر کرائمز کی روک تھام کے علاوہ بچوں کے حوالے سے موصول ہونے والی شکایات کا ازالہ کر رہا ہے۔ اس سلسلے میں ہیلپ لائن نمبر: 1056 بھی موجود ہے جس پر رابطہ کر کے مزید معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ علاوہ ازیں وفاقی محتسب کی طرف سے والدین، اساتذہ اور سماجی لیڈروں اور کارکنوں کو بچوں کے حقوق کے تحفظ اور اس کی اہمیت کے سلسلے میں آگاہی فراہم کرنے کے لئے میڈیا کے ذریعے آگاہی مہم کا عمل بھی جاری ہے۔

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

21 نومبر 2024ء